© rasailojaraid.com

جانشین امیر شریعت سید ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ

# حج بیت اللہ کو یاد کر کے......

تمنّاؤں کا مرکز اک سفینہ سمندر کا تموّج قہرمانی
وہ ساحل کا سکوں، اُس کی متانت وہ صحرا میں تپش کی حکمرانی
وہ بن کھیتی کا خطہ، ارضِ بکّہ وہ کعبہ کی جلال آگیں نشانی
خوشا دیوانگی درِ طوفِ کعبہ زہے بوسیدنِ سنگِ جنانی
گلوگیری، وہ آوازوں میں رقّت ندامت اور اشکوں کی روانی
وہ لرزاں ہاتھ اور دامن کسی کا وہ ترساں چہرے اور آنکھوں میں پانی
وہ روحوں کی پیاس اور سوزِ باطن وہ زمزم، اُس کی وہ فیضاں رسانی
ازل کے عہد کی تجدیدِ دائم بہ بیں موجِ بقا در بحرِ فانی
غلامی اور اقائی کے منظر
وہ باقی اور یہ مخلوق فانی



© rasailojaraid.com